رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَإِلَيْكَ أَنَبْنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ

اے ہمارے رب! تجھ ہی پر ہم نے بھروسہ کیا اور تیری ہی طرف ہم نے رجوع کیا اور تیرے ہی حضور پلٹنا ہے (ہمیں)۔

المُمتَحَنَتِه

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِیم

---

1. اے ایمان والو! نہ پکڑو (بناؤ) میرے اور اپنے دشمنوں کو دوست،
ان کو پیغام بھیجتے ہو دوستی سے (کا)، اور وہ منکر ہوئے ہیں اس سے جو تم کو آیا سچا دین۔
نکالتے ہیں رسول کو اور تم کو اس (بنا) پر، کہ تم مانو اللہ اپنے رب کو۔
اگر تم نکلے ہو لڑائی کو میری راہ میں، اور چاہ کر میری رضامندی، (تم کو یہ زیب نہیں دیتا) تم ان کو چھپے پیغام بھیجتے ہو دوستی کے۔
اور مجھ کو خوب معلوم ہے جو چھپایا تم نے اور جو کھولا (اعلانیہ کیا) تم نے۔
اور جو کوئی تم میں یہ کام کرے، وہ بھولا سیدھی راہ۔

2. اگر تم کو وہ پائیں دشمن ہوں تمہارے، اور چلائیں تم پر اپنے ہاتھ، اور اپنی زبانیں برائی کو
اور چاہیں کس طرح تم منکر ہو جاؤ۔

3. ہرگز کام نہ آئیں گے تم کو تمہارے ناتے (رشتے داریاں) اور نہ تمہاری اولاد،
قیامت کے دن وہ (اللہ) فیصلہ کرے گا تم میں۔
اور اللہ جو کرتے ہو دیکھتا ہے۔

4. تم کو چال چلنی ہے اچھی، ابراہیم کی اور جو اس کے ساتھ تھے،
جب کہا اپنی قوم کو ہم الگ ہیں تم سے اور جن کو تم پوجتے ہو اللہ کے سوا، ان سے۔
ہم منکر ہوئے تم سے اور کھل پڑی (ہوگئی) ہم میں اور تم میں دشمنی اور بیر (عداوت) ہمیشہ کو، جب تک تم یقین نہ لاؤ اللہ اکیلے پر،

مگر ایک کہنا ابراہیم کا اپنے باپ کو، میں مانگوں گا معافی تیری، اور مالک نہیں میں تیرے بھلے کو اللہ کے ہاتھ سے کسی چیز کا۔
اے رب ہمارے! ہم نے تجھ پر بھروسہ کیا اور تیری طرف رجوع ہوئے اور تیری طرف پھر آنا،
.5 اے رب ہمارے! نہ جانچ ہم پر کافروں کو، اور ہم کو معاف کر، اے رب ہمارے!
تو ہی ہے زبردست حکمت والا۔

.6 البتہ تم کو بھلی چال چلنی ہے ان کی، جو کوئی امید رکھتا ہو اللہ کی، اور پچھلے دن (روز آخر) کی۔
اور جو کوئی منہ پھیرے، تو اللہ وہی ہے بے پروا خوبیوں سراہا (لائق حمد و ثنا)۔
.7 امید ہے کہ کر دے اللہ تم میں اور جو دشمن ہیں تمہارے ان میں دوستی۔
اور اللہ سب کر سکتا ہے۔ اور اللہ (ہے) بخشنے والا ہے مہربان۔

.8 اللہ تم کو منع نہیں کرتا اُن سے جو لڑے نہیں تم سے دین پر اور نکالا نہیں تم کو تمہارے گھروں سے،
کہ اُن سے کرو بھلائی اور انصاف کا سلوک۔ اللہ چاہتا ہے انصاف والوں کو۔

.9 اللہ تو منع کرتا ہے تم کو ان سے جو لڑے تم سے دین پر، اور نکالا تم کو تمہارے گھروں سے،
اور میل باندھا (مدد کی ایک دوسرے کی) تمہارے نکالنے پر، کہ ان سے کرو دوستی
اور جو کوئی اُن سے دوستی کرے سو وہ لوگ وہی ہیں گنہگار۔

.10 اے ایمان والو! جب آئیں تم پاس ایمان والی عورتیں وطن چھوڑ کر تو ان کو جانچ لو۔
اللہ بہتر جانے اُن کے ایمان۔ پھر اگر جانو کہ وہ ایمان پر ہیں، تو نہ پھیرو انکو کافروں کی طرف۔
نہ یہ عورتیں حلال ہیں ان مردوں (کافروں) کو اور نہ وہ مرد (کافر) حلال ہیں اِن عورتوں کو۔
اور دے دو ان مردوں (کافروں) کو جو ان کا خرچ (مہر ادا کیا) ہوا۔
اور گناہ نہیں تم کو کہ نکاح کر لو اُن عورتوں سے جب ان کو دو اُن کے مہر

اور نہ رکھو قبضہ میں ناموس کافر عورتوں کے، اور مانگ لو جو تم نے خرچ کیا، اور وہ کافر مانگ لیں جو انہوں نے خرچ کیا۔
یہ اللہ کا فیصلہ ہے۔ تم میں فیصلہ کرتا ہے۔ اور اللہ سب جانتا ہے حکمت والا۔

11. اور اگر جاتی رہیں تمہارے ہاتھ سے تمہاری عورتیں کافروں کی طرف، پھر تم گھا مارو (موقع ہاتھ آجائے)،
تو دو ان کو جن کی عورتیں جاتی رہیں جتنا اُنہوں نے خرچ کیا تھا۔
اور ڈرتے رہو اللہ سے، جس پر تم کو یقین ہے۔

12. اے نبی جب آئیں تیرے پاس مسلمان عورتیں اقرار کرنے کو اس پر، کہ شریک نہ ٹھہرائیں اللہ کا کسی کو،
اور چوری نہ کریں، اور بدکاری نہ کریں اور اپنی اولاد نہ ماریں،
اور طوفان (بہتان) نہ لائیں باندھ کر اپنے ہاتھوں پاؤں میں،
تیری بے حکمی نہ کریں کسی بھلے کام میں، تو اُن سے اقرار کر (بیعت لے لو)، اور معافی مانگ انکے واسطے اللہ سے۔
بیشک اللہ بخشنے والا مہربان ہے۔

13. اے ایمان والو! مت دوستی کرو ان لوگوں سے کہ غصے ہوا اللہ ان پر،
وہ آس توڑ چکے ہیں پچھلے گھر (آخرت) سے، جیسے آس توڑی منکروں نے قبر والوں سے۔

****

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com